ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (18)

08.01.2023

**بہاولپور() پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ سال 2022ء، 52 ہزار 06 سو سے زائد شہری پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور پر پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، ایک چھت تلے FIR کے اندراج کی درخواست سمیت شہریوں کی آسانی اور کسی بھی دشواری کا سامنا کیے بغیر پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کیے جا رہے ہیں۔ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب "پبلک سروس پالیسی" کے سپرٹ کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی سربراہی میں پولیس خدمت مراکز کی پرفارمنس کو مزید بہتر کیا جا رہا ہے، حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کا خدمت مراکز میں سروسز کے حوالے سے بہت کلیئر ویژن ہے، خدمت مراکز کا مطلب ہی متعین شدہ وقت میں عوام کو سروسز دینا ہے۔جس کے تحت شہریوں کی آسانی کے لیے پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور اور پولیس موبائل خدمت مرکز کام کر رہی ہے، جہاں پر شہریوں کو FIR کے اندراج کی درخواست سمیت پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز فراہم کی جا رہی ہیں، انچارج پولیس خدمت مراکز بہاول غلام مرتضیٰ ASI اور ان کی ٹیم نے ماہ مارچ میں بہاول پور کے علاوہ تحصیل احمد پور شرقیہ اور حاصل پور میں پولیس خدمت مراکز شہریوں کو ایک چھت تلے مختلف سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔سال 2022 کے دوران ہزاروں عام لوگ خدمت مراکز میں پولیس سے متعلقہ دی جانے والی سروسز سے مستفید ہوئے۔ان سروسز میں 19 کرائم رپورٹ کی درخواست، 2462 کریکٹر سٹیفکیٹ، 1512 ایف آئی آرز کی کاپی، 2770 کرایہ نامہ کا اندراج،، 3572 کی گمشدگی رپورٹ، 841 گاڑیوں کی ویریفیکشن، 10207 جنرل پولیس ویریفکیشن، 16176 لرنر رینیول/ تجدید لرنر پرمٹ، 8676 تجدید ڈرائیونگ ریگولر لائسنس، 212 انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس، 371 ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس اور 1318 جدید ڈرائیونگ لائسنس شامل ہیں۔ڈی پی او نے کہا ہے کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس کے ویژن اور ہدایات کی روشنی میں خدمت کا یہ سفر جاری ہے۔شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، انہوں نے پولیس خدمت مراکز پر کام کرنے والے افسران و اہلکاران کو ہدایت کی کہ وہ خدمت کے جذبے سے کام کرتے ہوئے شہریوں سے خوش اسلوبی سے پیش آئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ سال 2022 جاری، 52 ہزار 06 سو سے زائد شہری پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(19)

08-01-2023

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے،چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔